60

National Baha'i Convention Pakistan

نیشنل بہائی کنونشن پاکستان

29 April to 1st May 2016
Islamabad

The National Spiritual Assembly of the Baha'is of Pakistan
Plot No. 56, Street 7, Sector H-8/4, Islamabad, Pakistan
Phone: 051-4939211, 051-4939212 Email: nsa@bahai.pk
Website: www.bahai.pk

فہرست

60 واں سالانہ ملّی کنونشن بہائیان پاکستان۔اسلام آباد

پروگرام

29 اپریل تا یکم مئی 2016ء

تاریخ	وقت	پروگرام
جمعہ 29اپریل 2016ء	02:00 pm	دُعاومناجات
	02:30 pm	محفل روحانی ملّی کی طرف سے خوش آمدید
	02:35 pm	انتخاب برائے ناظم اورسیکرٹیری نیشنل کنونشن
	03:00 pm	تزئید معلومات برائے پنجسالہ منصوبہ۔محترم مشاور
	04:30 pm	حکومت کی جانب سے عیدرضوان کا پروگرام
ہفتہ 30اپریل 2016ء	08:00 am	ناشتہ
	09:00 am	دُعاومناجات
	09:30 am	پیامِ رضوان 2016/173 B.E.ءکامطالعہ
	10:45 am	چائے کاوقفہ
	11:15 am	مشاورِمحترم کاانتخابات کے بارے میں خطاب
	12:00noon	دُعاومناجات (برائے طلب تائید)
	12:30 pm	محفل مقدس ملّی روحانی کے اعضاءکاانتخاب
	02:00 pm	ظہرانہ
	04:00 pm	محفل مقدس روحانی ملّی کے منتخب اعضاء کے ناموں کااعلان
	04:30 pm	پیامِ رضوان کامطالعہ
	08:30 pm	عشائیہ
اتواریکم مئی 2016ء	08:00 am	ناشتہ
	09:00 am	خصوصی دُعاومناجات برائے احباءمہدامراللہ
	09:30 am	محفل مقدس روحانی ملّی کی سالانہ رپورٹ (172 B.E.)
	10:15 am	امین صندوق کی رپورٹ
	10:45 am	چائے کاوقفہ
	11:15 am	پنجسالہ منصوبے پرمشورت
	02:00 pm	ظہرانہ
	03:00 pm	پنجسالہ منصوبے پرمشورت اورپیشنہادات
	05:00 pm	دُعاومناجات برائے تکمیل اہداف نقشہ پنجسالہ
	05:10 pm	گروپ فوٹو
	05:30 pm	کنونشن کااختتام

THE UNIVERSAL HOUSE OF JUSTICE

Riḍván 2016

To the Bahá'ís of the World

Dearly loved Friends,

With the advent of the King of Festivals, the period of preparation for the next global Plan is over: we now summon the friends of God to a new five-year commitment of courage, resolve, and resources.

The company of Bahá'u'lláh's faithful stands poised. Institutional gatherings convened across the world in recent months have sent out successive signals of eagerness to begin this mighty enterprise. The imperatives contained in the message addressed to the Counsellors' Conference are already being translated into decisive plans of action. Decades of heroic endeavour have shaped the community and earned it a measure of proven ability in fostering growth, steeling it for this moment. The last two decades, in particular, have markedly accelerated this longed-for rise in proficiency.

During this period, the adoption of an evolving framework for action has enabled the friends to progressively nurture and refine essential capacities, giving rise to simple acts of service at first, leading to more elaborate patterns of action, which in turn demanded the development of capacities still more complex. In this way, a systematic process of human resource development and community building has been started in thousands of clusters—and, in many of them, become far advanced. The focus has not been solely on the individual believer, or the community, or the institutions of the Faith; all three inseparable participants in the evolution of the new World Order are being stimulated by the spiritual forces released through the unfoldment of the Divine Plan. The signs of their progress are more and more apparent: in the confidence that countless believers have acquired to share accounts of Bahá'u'lláh's life and discuss the implications of His Revelation and peerless Covenant; in the growing contingents of souls who, as a result, have been attracted to His Cause and are contributing to the achievement of His unifying vision; in the ability of Bahá'ís and their friends, at the very grassroots of the community, to describe in eloquent terms their experience of a process capable of transforming character and shaping social existence; in the significantly larger numbers of those indigenous to a country who, as members of Bahá'í institutions and agencies, are now guiding the affairs of their communities; in the reliable, generous, and sacrificial giving to the Fund, so vital for sustaining the advancement of the Faith; in the unprecedented efflorescence of individual initiative and collective action in support of community-building activities; in the enthusiasm of so many selfless souls in the prime of youth who are bringing immense vigour to this work, notably by tending to the spiritual education of younger generations; in the enhancement of the devotional character of the community through regular gatherings for worship; in the rise in capacity at all levels of Bahá'í administration; in the readiness of institutions, agencies, and individuals to think in terms of process, to read their immediate reality and assess their resources in the places where they live, and to make plans on

that basis; in the now familiar dynamic of study, consultation, action, and reflection that has cultivated an instinctive posture of learning; in the mounting appreciation for what it means to give effect to the Teachings through social action; in the multiplying opportunities being sought and seized to offer a Bahá'í perspective on discourses prevalent in society; in the awareness of a global community that, in all its endeavours, it is hastening the emergence of divine civilization by manifesting the society-building power inherent in the Cause; indeed, in the friends' growing consciousness that their efforts to foster inner transformation, to widen the circle of unity, to collaborate with others in the field of service, to help populations take charge of their own spiritual, social, and economic development—and, through all such efforts, to bring about the betterment of the world—express the very purpose of religion itself.

While no single measure can capture the totality of the Bahá'í community's progress, much can be inferred from the number of clusters worldwide where a programme of growth has been established, which, with gratitude for the bounties bestowed by the Abhá Beauty, we confirm has surpassed 5,000. So broad a foundation as this was a prerequisite for taking on the task that now confronts the Bahá'í world—strengthening the process of growth in every cluster where it has begun and extending further an enriching pattern of community life. The sustained effort required will be arduous. But the outcome has the potential to be profoundly significant, even epoch making. Small steps, if they are regular and rapid, add up to a great distance travelled. By concentrating on the advance that must be made in a cluster in an initial period—for instance, in the six cycles occurring before the first of the bicentennial anniversaries—the friends will do much to bring their goal for the full five years within reach. In each cycle are vested fleeting opportunities for a stride forward, precious possibilities that will not return.

In society at large, alas, the symptoms of an ever-deepening malaise of the soul multiply and worsen. How striking that, as the peoples of the world suffer for want of the true remedy and turn fitfully from one false hope to another, you are collectedly refining an instrument that connects hearts with the Word of God eternal. How striking that, amid the cacophony of fixed opinions and opposing interests that grows everywhere more fierce, you are focused on drawing people together to build communities that are havens of unity. Far from disheartening you, let the world's prejudices and hostilities be reminders of how urgently souls all around you need the healing balm that you alone can present to them.

This is the last in a series of consecutive Five Year Plans. At its close, a new phase in the evolution of the Divine Plan will open, set to propel the community of Bahá'u'lláh towards the third century of the Bahá'í Era. May the friends of God in every country appreciate the promise of these few years ahead, which will be rigorous preparation for the even mightier tasks yet to come. The present Plan's broad scope enables every individual to support this work, however humble one's share. We ask you, cherished co-workers, adorers of Him Who is the Best-Beloved of the worlds, to spare no effort in applying all you have learned and every God-given ability and skill you possess to advance the Divine Plan into its next essential stage. To your own ardent supplications for heavenly assistance we add ours, offered in the Holy Shrines, on behalf of all who labour for this all-encompassing Cause.

The Universal House of Justice

بیت العدل اعظم

رضوان 2016ء

دنیا کے بہائیوں کے نام

احبائے عزیز و محبوب

1۔ سلطان الاعیاد کی آمد کے ساتھ ہی اگلے عالمی منصوبہ کے لئے تیاری کا عرصہ اختتام کو پہنچ گیا۔ اب ہم احبائے الٰہی کو دلیری، ارادہ اور وسائل کی نئے پانچ سالہ مہم کی طرف پکارتے ہیں۔

2۔ حضرت بہاء اللہ کے وفاداروں کی جماعت تیار کھڑی نظر آتی ہے۔ حالیہ مہینوں میں پوری دنیا میں منعقد ہونے والے انسٹیٹیوشنل اجتماعات نے اس عظیم مہم کو شروع کرنے کے شوق کے پے در پے اشارے بھیجے ہیں۔ مشاورین کی کانفرنس کے نام پیغام میں درج لازمی امور و معاملات کو پہلے ہی فیصلہ کن عمل کے منصوبوں کی شکل دی جا رہی ہے۔ دلیرانہ جدوجہد کے عشروں نے سماج کی صورت گری کی ہے اور اس میں ایک حد تک بڑھوتری کو ترقی دینے کی اہلیت پیدا کر دی ہے اور اس لمحہ کے لئے اس میں فولادی مضبوطی پیدا کی ہے۔ بالخصوص پچھلے دو عشروں نے اس قابلیت میں نمایاں طور پر وہ تیزی پیدا کی ہے جس کی بڑی چاہت تھی۔

3۔ اس عرصہ کے دوران ایک ارتقا پذیر عمل کے ڈھانچے کے اختیار کرنے سے احباب اس قابل ہو گئے ہیں کہ وہ ایسی لازمی قابلیتوں کی ترقی پذیر انداز میں پرورش کریں اور اُن میں عمدگی لائیں کہ وہ شروع میں خدمت کے سادہ کاموں میں اضافہ کر کے عمل کی پیچیدہ صورتوں کی طرف لے جائیں جو اپنی جگہ پہلے سے بھی زیادہ پیچیدہ صلاحیتوں کا تقاضا کرتی ہیں۔ اس طریقے سے ہزاروں کلسٹروں میں انسانی وسائل کی ترقی اور سماج سازی کا ایک منظّم عمل شروع ہو گیا اور ان میں سے بہت سوں میں بہت زیادہ ترقی یافتہ ہو گیا۔ توجہ صرف فرد مومن یا سماج یا امر اللہ کے اداروں پر ہی مرکوز نہیں رہی؛ نئے عالمی نظام کے ارتقاء میں ان تمام تینوں جدا نہ ہو سکنے والے شرکاء کو ایسی روحانی قوتیں آگے بڑھا رہی ہیں جو ملکوتی منصوبہ کی تہ کشائی کے نتیجہ میں پیدا ہوئی ہیں۔ ان کی ترقی کی علامتیں ان باتوں میں زیادہ سے زیادہ نمایاں ہو رہی ہیں: حضرت بہاء اللہ کے حالات زندگی کو پیش کرنے اور آپ کے ظہور اور بے مثال عہد و میثاق کے مضمرات پر گفتگو کرنے کے سلسلے میں بے شمار مومنین نے جو اعتماد حاصل کر لیا ہے اُس میں؛ اس گفتگو میں لوگوں کے بڑھتے ہوئے گروہوں کی شمولیت میں جو اس کے نتیجے میں اس امر کی طرف منجذب ہوئے اور اب اس کی متحد کر دینے والی بصیرت کی کامیابی میں مدد کر رہے ہیں؛ بہائیوں اور ان کے دوستوں کی سماج کی انتہائی نچلی سطحوں پر اس قابلیت میں کہ وہ ایک ایسے مسلسل عمل کے تجربہ کو نہایت فصاحت کے ساتھ بیان کریں جو کردار کی نوعیت کو بدل دینے اور معاشرتی زندگی کی صورت گری کرنے کی صلاحیت کی حامل ہے؛ کسی ملک کی مقامی آبادی کی اس نمایاں بڑی تعداد میں جو بہائی اداروں اور اُن کی ایجنسیوں کے ارکان کی حیثیت میں اب اپنے سماجوں کے معاملات کی رہنمائی کر رہے ہیں؛ بہائی فنڈ میں قابل اعتماد، فیاضانہ اور قربانی کے انداز میں مدد دینے میں جو امر اللہ کی ترقی کو برقرار رکھنے کے لئے اتنا اہم ہے؛ سماج سازی سے متعلق سرگرمیوں کی مدد کے لئے انفرادی پیش قدمی اور اجتماعی عمل میں بے مثال پھیلاؤ اور کثرت کے آنے میں؛ بے شمار بے لوث نفوس کے جذبہ و شوق میں جو اپنی بھرپور جوانی کے دور میں اس کام میں اپنی بے پناہ قوت لگا رہے ہیں جس میں یہ بات نمایاں ہے کہ وہ نئی نسلوں کی روحانی تعلیم و تربیت کی طرف مائل ہیں؛ دعا کے جلسات کے ذریعہ سماج کی عبادتی کردار میں اضافہ کی صورت میں؛ بہائی تشکیلات کی تمام سطحوں پر صلاحیت میں اضافہ ہونے میں؛ ایک جاری عمل کے پیرائے میں سوچنے کے لئے اداروں، ایجنسیوں اور افراد کی آمادگی میں، اپنے سامنے موجود حقیقت کو سمجھنے اور جہاں وہ مقیم ہیں وہاں اپنے وسائل کا اندازہ لگانے اور اسی بنیاد پر منصوبے تیار کرنے میں؛ مطالعہ، مشورت اور فکر و تدبر کے اب مانوس حرکیات میں جس نے سیکھنے کا جبلی انداز پیدا کر دیا ہے؛ اس بڑھتے ہوئے احساس میں کہ بہائی

تعلیمات کو معاشرتی عمل کے ذریعے رائج کرنے کا مطلب کیا ہے؛ معاشرے میں جاری مباحث میں بہائی نقطۂ نظر پیش کرنے کے لئے مواقع کی تعداد میں اضافہ کرنے اور انہیں تلاش کر کے ان کو استعمال کرنے میں؛ عالمی سماج کی اس شعور و آگاہی میں کہ وہ اپنی تمام تر کوششوں میں امراللہ میں جبلی طور پر موجود سماج سازی کی قوت کے اظہار کے ذریعے ملکوتی تمدن کے ابھرنے میں تیزی لا رہا ہے؛ درحقیقت احباب کے اس شعور کے اضافہ میں کہ ان کی باطنی اصلاح کی کوششوں کو پروان چڑھانے، اتحاد کا دائرہ وسیع کرنے، دوسروں کے ساتھ خدمت کے میدان میں تعاون کرنے اور مختلف بستیوں کی مدد کرنے میں کہ وہ اپنی روحانی، معاشرتی اور معاشی ترقی کے امور کا انتظام خود اپنے ہاتھوں میں لے لیں ان جیسی کوششوں اور ان جیسی تمام مساعی کے ذریعے دنیا میں بہتری لانے جیسی کاوشیں بذاتِ خود دین کے مقصد و مراد کا ہی اظہار کرتی ہیں۔

4۔ اگرچہ کوئی ایک پیمانہ بہائی سماج کی ترقی کو پوری طرح بیان نہیں کر سکتا لیکن پوری دنیا کے کلسٹرز کی اس تعداد سے، بہت کچھ اخذ کیا جا سکتا ہے جہاں بڑھوتری کا پروگرام قائم کر دیا گیا ہے جس کی تصدیق ہم جمالِ ابہیٰ کے فیوضات کے اظہارِ تشکر کے ساتھ کر سکتے ہیں کہ وہ 5000 سے کہیں زیادہ ہے۔ اس طرح کی وسیع بنیاد اس مہم کا پیشگی تقاضا تھا جو بہائی دنیا کو اب درپیش ہے۔ بڑھوتری کے عمل کو ہر اُس کلسٹر میں تقویت دینا جہاں اسے شروع کیا جا چکا ہے اور سماجی زندگی کے مالا مال کر دینے والے نمونے کو مزید آگے بڑھانا ہے۔ انتہائی سخت نوعیت کی طویل محنت درکار ہوگی۔ لیکن نتیجہ یہ امکان رکھتا ہے کہ وہ انتہائی طور پر نمایاں ہو بلکہ عہد ساز ہو۔ چھوٹے چھوٹے قدم اگر وہ مسلسل اور تیز ہوں تو طے کردہ سفر میں بہت بڑا اضافہ کرتے ہیں۔ کسی کلسٹر میں ابتدائی عرصہ میں کی جانے والی ضروری ترقی پر توجہ مرکوز کرنے سے، مثلاً دوسو سالہ سالگرہوں میں سے پہلی سالگرہ سے پہلے آنے والے چھ دورانیوں میں احباب بہت کوشش کریں گے کہ اپنے پورے پانچ سال کے ہدف کے حصول کو بڑی حد تک اپنی پہنچ میں لے آئیں۔ ہر دورانیہ میں آگے بڑھنے کیلئے تیزی سے غائب ہو جانے والے مواقع سامنے آتے ہیں اور بیش قیمت امکانات میسر ہوتے ہیں جو لوٹ کر نہیں آتے۔

5۔ افسوس کہ بلاتفریق معاشرہ میں روح کے ہمیشہ بڑھتے اضطراب میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور وہ مسلسل بگڑتا جا رہا ہے۔ یہ کس قدر نمایاں بات ہے کہ جہاں دنیا کے لوگ حقیقی علاج کے میسر نہ ہونے کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہیں اور پوری طاقت سے ایک جھوٹی امید سے دوسری جھوٹی امید کی طرف جاتے ہیں، آپ سب اجتماعی طور پر ایک ایسے آلہ کار میں عمدگی لا رہے ہیں جو دلوں کو خدائے باقی کے کلمات سے جوڑتا ہے۔ کتنا جاذبِ نظر ہے کہ بے لچک آراً اور متضاد مفادات کی کائیں کائیں میں جو ہر کہیں زیادہ شدید ہوتی جا رہی ہے آپ لوگوں کو ایسے سماجوں کی تعمیر کے لئے اکٹھے کرنے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں جو اتحاد کی جنت ہیں۔ دنیا کے تعصّبات اور تضادات سے دلبرداشتہ ہونے کے بالکل برعکس آپ کو چاہیئے کہ انہیں اس بات کی یاددہانی سمجھیں کہ آپ کے اردگرد موجود سب لوگوں کو اس شفا بخش مرہم کی کتنی اشد ضرورت ہے جو صرف آپ ہی انہیں پیش کر سکتے ہیں۔

6۔ یہ تواتر سے آنے والے پانچ سالہ منصوبوں کے سلسلہ میں آخری ہے۔ اس کے اختتام پر ملکوتی منصوبہ کے ارتقاء کا ایک نیا مرحلہ کھلے گا جو حضرت بہاءاللہ کے سماج کو عصرِ بہائی کی تیسری صدی کی طرف دھکیلے گا۔ خدا کرے کہ ہر ملک میں موجود احبائے الٰہی آگے کے ان چند امید افزا برسوں کی قدر کریں جو بعد میں آنے والے اس سے بھی زبردست کاموں کی پرمشقت تیاری ہوگی۔ موجودہ منصوبہ کا وسیع دائرہ عمل ہر فرد کو اس قابل بناتا ہے کہ اس کام میں مدد کرے خواہ اس کا حصہ کتنا ہی قلیل کیوں نہ ہو۔ پیارے ہمکارو اور محبوب العالمین کی حمد و ثنا کرنے والو! ہم آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اور ہر ایک خداداد قابلیت اور مہارت جو آپ رکھتے ہیں ان سب کو استعمال کرنے کی کوشش میں کوئی کمی مت چھوڑیں اور ملکوتی منصوبے کو اس کے لازمی اگلے مرحلہ تک پہنچائیں۔ خدائی تائیدات کیلئے آپ کی اپنی پُرجوش التجاؤں میں ہم اپنی ان التجاؤں کو بھی شامل کرتے ہیں جو عتباتِ مقدسہ پر ان سب کیلئے بلند کی گئیں جو اس سب کو محیط امر کیلئے جدوجہد کرتے ہیں۔

دستخط: بیت العدل اعظم

ترجمہ: 15 اپریل 2016ء

60th ملّی بہائی کنونشن 2016ء

سالانہ رپورٹ محفل روحانی ملّی بہآئیان پاکستان

محترم مشاورِعزیز، معاونین عزیز، معزز نمائندگان اور مہمانانِ گرامی!

محفل مقدس روحانی ملّی بہآئیان پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے میں آپ سب کو طویل سفر طے کر کے اس سالانہ ملّی تقریب میں شرکت کیلئے حاضر ہونے پر استقبال کرتے اور خوش آمدید کہتے ہوئے انتہائی دلی مسرت اور فخر محسوس کرتا ہوں۔

یہ سالانہ تقریب بہآئی نظم اداری میں بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ اس کے نتیجے میں محفل روحانی ملّی جیسا عظیم ادارہ تشکیل پاتا ہے جو ایک طرف ملک کے اندر بہآئی امور کی نگرانی اور رہنمائی کرتا ہے تو دوسری طرف یہ اس ہیئت عظمٰی کو منتخب کرتا ہے جسے درجہ عصمت حاصل ہے اور جسے اپنے فیصلوں میں الہام کی بشارت دی گئی ہے۔ ہمارے عزیز نمائندگان اپنے وظیفہ اور اپنے فرض کی اہمیت سے بخوبی آگاہ ہیں اور وہ اسے حالت جذب اور عالم دعا میں سرانجام دیتے اور وہ ادارہ تشکیل دیتے ہیں جو اپنے انتہائی اہم اور حساس فرائض کو بڑے اہتمام اور پوری ذمہ داری سے سرانجام دیتے ہیں۔

احبائے عزیز! یہ محفل ملّی کی سالانہ رپورٹ مقدس تحریروں اور بیت العدل اعظم الٰہی کے پیامات میں سے اقتباس پیش کرنے کے مقصد سے پیش نہیں کی جاتی بلکہ اس کا مقصد اپنی کارگزاری کا ایک مختصر سا جائزہ پیش کرنا ہوتا ہے تا کہ ہم اپنی کمزوریوں کی نشاندہی کر کے ان کا تدارک کریں اور اپنی صلاحیتوں اور کامیابیوں کو پہچان کر ان کو اوراجاگر کریں تا کہ زیادہ سے زیادہ فتوحات اور کامیابیاں حاصل کر کے اپنی تاریخ کو روشن کریں۔ احبائے محترم! پیام رضوان 2015 کا ایک فقرہ البتہ ایسا ہے جس کو یہاں دوہرانا، اس پر غور وفکر کرنا اور اسے رہنمائے عمل بنانا ضروری ہے ''حضرت بہآءاللہ کے ہر پیروکار کو اس کام (پانچ سالہ منصوبے) کو انجام دینے کی دعوت دی جا رہی ہے اور یہ ہر اُس دل میں ردعمل پیدا کرے گی جو اس دنیا کی بدبخت حالت اور افسوسناک صورت حال سے دُکھتا ہے جس سے اتنے سارے لوگ نجات پانے سے قاصر ہیں''۔

دوستان عزیز! بیت العدل اعظم الٰہی کی یہ دعوت اور یہ پکار صرف اس پنجسالہ منصوبے پر عمل کی دعوت نہیں جو اب کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچا دیا گیا ہے بلکہ یہ پکار اس پنجسالہ منصوبہ کو کامیاب بنانے کیلئے بھی ہے جو اس وقت ہمارے ہاتھوں میں ہے اور جو ہمیں عصر تکوین کی دوسری صدی میں داخل کرے گا۔ ہم امید کرتے ہیں بلکہ ہم یقین رکھتے ہیں کہ بیت العدل اعظم کی رہنمائی میں اسم اعظم کی تائیدات اور تقویت سے کامیابی کے ساتھ سرخرو ہو کر مسرور دلوں سے سر اٹھا کر داخل ہوں گے اور نوع بشر کو قلم اعلیٰ کے اس فیصلہ سے آگاہ اور متنبہ کریں گے کہ وہ اس آگ کی سزا سے بچ سکیں۔ جس سے اُنہیں ان الفاظ میں متنبہ کیا گیا ہے: ''وہ جہنم کی آگ کی طرف تیزی سے بڑھ رہے ہیں اور گمان کرتے ہیں کہ یہ روشنی ہے''۔

بیت العدل اعظم الٰہی کے منصوبے ایک مسلسل جاری عمل ہیں اور درج بالا دعوت عمل بھی ایک ہمیشہ جاری رہنے والی دعوت ہے۔ یہ ہمارے لئے ایک ایسا چیلنج ہے جس پر عملدرآمد اگرچہ مشکل اور دقت طلب ہے لیکن انشاءاللہ تائیدات الٰہیہ سے ہم اس میں کامیاب و کامران ہوں گے۔ احبائے عزیز، ہماری پہلی نسلیں خوش قسمت تھیں کہ وہ جمال اقدس ابہیٰ، حضرت باب اور حضرت عبدالبہآء کی زیارت سے مشرف ہوئیں۔ اور اپنی جانوں اور اپنے مال ومتاع کی قربانیاں پیش کیں، ہم خوش قسمت نسل ہیں کہ ہم وہ روحانی دنیا اور وہ تمدن ملکوتی تعمیر کر رہے ہیں جس کی تعلیم تین مقدس ہستیوں نے دی اور جس کی تکوین اور تعمیر کی ابتدا حضرت شوقی آفندی ولی عزیز امراللہ نے کی اور جس کو ہم اپنی جانفشاں محنت اور کوشش سے

تکمیل کی طرف لے جارہے ہیں۔نظم اداری اور انسٹیٹیوٹ پراسس ہمارے مددگار اور ہمارا سرمایہ عمل ہیں اور کامیابی ہمارا مقدر ہے۔

ہماری کاوشوں اور کامیابیوں کی تفصیل اس طرح ہے:

1۔ بیت العدل اعظم الٰہی

سارا سال بیت العدل اعظم الٰہی کے ساتھ رابطہ رہا اور ہیئت معصوم بھی ہماری اپنے پیغامات کے ذریعہ رہنمائی فرماتا رہے۔

1۔ مکتوب مورخہ 29 اپریل 2015ء کے ذریعے بیت العدل اعظم الٰہی نے چلّی میں تعمیر ہونے والے آخری براعظمی مشرق الاذکار کی تعمیر کے بارے میں تازہ اطلاعات فراہم کیں۔

2۔ مکتوب مورخہ 5 مئی 2015ء کے ذریعے بیت العدل اعظم الٰہی نے پاکستان میں منعقد ہونے والے نیشنل کنونشن کے انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا اور کنونشن کے شرکاء کی روحانی ترقی کے لئے عتباتِ مقدسہ پر دعاؤں کا یقین دلایا۔

3۔ مکتوب مورخہ 3 جولائی 2015ء ہیئت معصوم نے ایک کتاب ''کچھ سوالات وجوابات'' ارسال کی۔

4۔ مکتوب مورخہ 6 جولائی 2015ء میں بیت العدل اعظم الٰہی نے جڑواں یوم میلاد کے حوالے سے تین الواح ارسال کیں۔

5۔ مکتوب مورخہ 15 جولائی 2015ء میں بیت العدل اعظم الٰہی نے مرکز جہانی میں نئے شعبے بنانے کی خبر ارسال کی۔

6۔ مکتوب مورخہ 8 ستمبر 2015ء میں بیت العدل اعظم الٰہی نے جڑواں یوم میلاد کے حوالے سے ایک خط ارسال کیا۔

7۔ بیت العدل اعظم الٰہی نے اپنے مکتوب مورخہ 8 نومبر 2015ء کے ذریعے یہ خوشخبری دی ہے کہ آخری برّاعظمی مشرق الاذکار چلّی کی افتتاحی تقریب 13 سے 16 اکتوبر 2016ء کو سنتیا گو، چلّی میں ہوگی۔

8۔ مکتوب مورخہ 29 دسمبر 2015ء میں بیت العدل اعظم الٰہی نے اگلے پانچ سالہ منصوبے کے بارے میں آگاہ کیا۔

9۔ مکتوب مورخہ 2 جنوری 2016ء میں بیت العدل اعظم الٰہی نے ہیئت مشاورین کی کانفرنس کے بعد دنیا کے بہآئیوں کے نام پیام بھیجا۔

10۔ مکتوب مورخہ 26 مارچ 2016ء میں بیت العدل اعظم الٰہی نے ملکوتی الواح کے بارے میں آگاہ کیا۔

2۔ ادارہ برائے ہیئت مشاورین

مشاورِ عزیز کی رہنمائی میں مختلف بہآئی سرگرمیاں جاری رہیں، انہوں نے اپنے مختلف دوروں کے دوران محفل روحانی ملّی، اعضاء ہیئت معاونت، علاقائی بہآئی کونسلز اور مختلف بہآئی اداروں اور احباب سے ملاقاتیں بھی کیں۔اُنہوں نے کراچی، اندرون سندھ، پنجاب اور شمالی علاقوں کا تشویقی دورہ کیا۔

3۔ انسٹیٹیوشنل سیمینار فلپائن

اگلے پانچ سالہ منصوبے کے ابتدا پر ہیئت مشاورین ایشیاء نے بیت العدل اعظم کی ہدایت پر فلپائن میں تین روزہ سیمینار کا اہتمام کیا، جس میں پاکستان سے بھی گیارہ رکنی وفد نے شرکت کی جن میں اعضاء ہیئت معاونین، علاقائی بہآئی کونسلز اور محفل ملّی کے ممبران شامل ہیں۔

4۔ نیشنل انسٹیٹیوشنل کانفرنس کراچی

8 تا 10 اپریل 2016ء کو کراچی میں ملّی انسٹی ٹیوشنل کانفرنس منعقد ہوئی جس میں مشاورِ عزیز جناب فواد ریحانی، بیت العدل اعظم کے

نمائندے جناب پیوند خلگیان، چند اعضائے محفل ملّی، ریجنل بہائی کونسلز کے ارکان، ریجنل انسٹی ٹیوٹ بورڈز کے ارکان، اعضائے ہیئت معاونین، محافل روحانی محلّی کے نمائندگان، کلسٹر ایجنسیوں کے ارکان اور کام کے ہراول دستے میں موجود احباب کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکائ نے مشاورعزیز کی رہنمائی میں پیام مبارک بیت العدل اعظم الٰہی کا مطالعہ کیا اور اس کی روشنی میں کچھ منصوبے بنائے تا کہ رضوان 2016ء تک کچھ ایسے انتظامات اور اقدامات کر لئے جائیں جو اُس وقت شروع ہونے والے پانچ سالہ منصوبے کے حصول کی جدوجہد کو سہل کردے۔ کانفرنس کے دوران ریجنل کونسلز کے اپنے اپنے ریجن کے کلسٹروں کو ہمسایہ کلسٹروں کے گروپس میں تقسیم کیا تا کہ ہر گروپ میں موجود بڑھوتری کے پروگرام والے کلسٹر ایک دوسرے کی مدد کریں اور ہر ایک اگلے منصوبہ کے اختتام تک بڑھوتری کے زوردار پروگرام کی سطح تک پہنچ جائے۔ گذشتہ پانچ سالہ منصوبہ میں اڑتیس کلسٹرز کو نشوونما کے زوردار پروگراموں میں شامل کیا گیا ہے جس کی تفصیل ذیل ہے:

1۔ **نارتھ ریجن:** اسلام آباد، راولپنڈی، چکوال، واہ کینٹ، پشاور، ہری پور، ایبٹ آباد، مظفر آباد، مانسہرہ، گلگت، اسکردو۔

2۔ **پنجاب:** سرگودھا، سیالکوٹ، گجرانوالہ، لاہور، فیصل آباد، خانیوال، ملتان، مظفر گڑھ، لودھراں، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، رحیم یار خان۔

3۔ **سندھ بلوچستان:** کراچی، کوئٹہ، حیدرآباد، ٹھٹھہ، میرپور خاص، بدین، عمرکوٹ، سانگھڑ، ٹنڈو آدم، ٹنڈو الہیہ یار، کوٹری، ٹنڈو محمد خان، سجاول۔

مزکورہ بالا پیام مبارک کی روشنی میں طے کیا گیا کہ کوشش کریں کہ بڑھوتری کے پروگرام کا حامل ہر کلسٹر اگلے دو دورانیوں (یعنی ستمبر 2016ء تک) میں اپنے ٹیوٹرز کی تعداد کم از کم 3 تک پہنچائے اور اپنے اندر کم از کم ایک محلّہ، بستی یا گاؤں کی شناخت کرے جہاں بڑے پیمانے پر سماجی تعمیر کے لئے وہاں کی مقامی آبادی کے ساتھ ہمراہی کی جائے گی۔ وہاں جونیئر یوتھ پروگرام میں 50 تا 100 شرکائ شامل کئے جائیں قریبی کلسٹروں کے ہر گروپ نے اپنی موجود قوت کا جائزہ بھی لیا اور اپنے میں شامل ہر کلسٹر کے احباب (وہ احباب جو کانفرنس میں موجود تھے) کے ساتھ ملکر آگے بڑھنے کی ابتدائی حکمت عملی طے کی تا کہ واپس جا کر اپنے اپنے گروپوں میں مزید مفصل منصوبہ سازی کی جائے۔ اپنے اختتامی نوٹ میں مشاور محترم نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ اب ریجنل سطح پر نئے انتظامات کی ضرورت پڑے گی مثلاً دیکھنا ہوگا کہ قریبی کلسٹروں کے گروپس کی کوآرڈی نیشن اور سہلکاری کیسے کی جائے اور علاقائی ایجنسیاں کس طرح سے اپنے کردار ادا کریں۔ کانفرنس کا آغاز و اختتام محفل مقدس روحانی ملّی پاکستان کے چیئر پرسن نے کیا۔

5۔ علاقائی بہائی کونسلز

(☆) علاقائی بہآئی کونسل نارتھ: ریجنل بہائی کونسل نارتھ نے تمام علاقائی اداروں کے ساتھ نشوونما اور ترقی کے لئے مشاورتی اجلاس منعقد کئے گئے جس میں تمام کلسٹرز شامل ہوئے۔ اسی طرح تمام علاقائی اداروں کو منظّم و متحد کرنے کے لئے بھی اقدامات کئے گئے اور تمام محافل محلّی سے روابط رکھے گئے۔ تمام کلسٹروں کے تواتر سے دورے کئے گئے جس سے ان کی فعالیتوں میں اضافہ ہوا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

راولپنڈی/اسلام آباد: اگست 2015ء اسلام آباد میں ایک یوتھ گیدرنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں پچاس جوانان نے شرکت کی۔ ان پچاس میں سے تیس کا تعلق عمومی معاشرے سے تھا۔ جوانان کی اس محفل کا انعقاد بیت العدل اعظم کی دی ہوئی ہدایات کے مطابق کیا گیا تھا جس میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے جوانان نے شرکت کی۔ شرکاء کو تین گروپوں میں تقسیم کر دیا گیا اور ہر گروپ کے لئے دو دو فیسیلیٹیٹرز کا اہتمام کیا گیا تھا۔ ہر سیشن کے بعد تمام گروپوں کو اکھٹا کیا جاتا تھا تا کہ شرکاء گروپس میں سیکھی ہوئی باتوں پر گفتگو اور مشورت کریں۔ اس موقع پر وقفوں کے دوران جوانان نے نئے روابط استوار کئے اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے حوالے باہم مشورت کی۔ تین روزہ سکھلائی اور مشورت کے بعد جوانان نے اگست تا

اکتوبر 2015ء کے دورانیے کے لئے منصوبہ بندی کی جس کی تفصیل کچھ یوں ہے: راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں خدمات سرانجام دینے کے لئے چھ ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ چار علاقوں میں جونیئر یوتھ گروپس بنانے کے لئے تیاری اور مدد کی جائے گی۔ ۲۵ شرکاء کے لئے کتاب نمبر 6 کے ایک اسٹڈی سرکل کے لئے اقدامات۔ کتاب نمبر دو اور تین جن میں تین تین شرکاء شریک اور کتاب نمبر تین کا ایک اسٹڈی سرکل جس میں پانچ شرکاء شریک ہیں کو مکمل کرنا اور دس شرکاء کے ساتھ کتاب نمبر پانچ کا ایک اسٹڈی سرکل شروع کرنا۔ کتاب نمبر ایک مکمل کرنے والے افراد کی استعدادِ کار میں اضافے کے لئے کتاب نمبر پانچ کے اسٹڈی سرکل میں شامل کرنا۔ بیس سے زائد جوانان کے ساتھ بامقصد گفتگو کا آغاز کرنا۔

گلگت: ستمبر 2015ء کو ایک یوتھ گیدرنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں آٹھ شرکاء شریک ہوئے جن میں پانچ کا تعلق عمومی معاشرے سے تھا۔ پروگرام کے اختتام پر شرکاء نے مسرت کا اظہار کیا اور اہلِ بہآء کی جانب سے عمومی معاشرے کے لئے کی جانے والی خدمات پر اُن کی تعریف کی گئی۔

پشاور: 24 اور 25 اکتوبر 2015ء کو پشاور میں جوانان کی ایک یوتھ گیدرنگ منعقد ہوئی۔ اٹھارہ جوانان اس محفل میں شریک ہوئے۔ محفل کا آغاز دعائیہ جلسہ سے ہوا جس کے بعد علاقائی بورڈ کے ایک ممبر نے یوتھ گیدرنگ کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی۔ محفل روحانی ملّی کے ایک ممبر نے شرکاء کو خوش آمدید کہا۔ تمام شرکاء اور یوتھ گیدرنگ کے فیسلیٹیٹرز نے اپنا اپنا تعارف کروایا۔ اس کے بعد تمام شرکاء کو دو گروپس میں تقسیم کر دیا گیا۔ ہر گروپ کو ایک فیسیلیٹیٹر کے حوالے کر دیا گیا اور دوسرے علاقوں کے جوانان کو اس گروپ کے ساتھ رکھا گیا۔ سیشن کے بعد چند جوانان نے اپنے علاقائی ساز پر گیت اور دھنیں پیش کیں۔ یوتھ گیدرنگ کے اختتام پر منصوبہ بندی کی گئی۔

پیام بیت العدل اعظم مورخہ 29 دسمبر 2015ء کا مطالعاتی اجلاس

مورخہ 20 تا 21 فروری 2016ء کو علاقائی بہآئی کونسل نارتھ کے زیرِ اہتمام راولپنڈی بہآئی سینٹر میں بیت العدل اعظم کے پیام مبارک مورخہ 29 دسمبر 2015ء پر ایک مطالعاتی اجلاس ہوا۔ جس میں مظفر آباد، مانسہرہ، ایبٹ آباد، راولپنڈی اور اسلام آباد سے تقریباً چھتیس افراد شریک ہوئے۔ اس اجلاس کا مقصد فلپائن کی انسٹیٹیوشنل میٹنگ سے حاصل کردہ بصیرت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس پیام مبارک کا مطالعہ تھا۔ پروگرام کا آغاز دعائیہ حصے سے ہوا اور پھر سب کو چھوٹے گروپوں میں تقسیم کر دیا گیا اور کچھ مقررہ پیراگراف کا مطالعہ کیا گیا۔ احباب کو سرگرم رکھنے کیلئے کچھ امری گیت بھی گائے گئے۔ آخر میں سب کو اپنے کلسٹروں میں تقسیم کیا گیا اور رضوان 2016ء تک کی منصوبہ بندی کی گئی جو کچھ اس طرح ہے:

مظفر آباد: (چار نئے دعائیہ جلسات، دو نئی بچوں کی کلاسیں اور ایک یوتھ گیدرنگ کا انعقاد کیا جائے گا)

مانسہرہ: (دو یوتھ گیدرنگ اور تین نئے انسانی وسائل تشکیل دیئے جائیں گے)

ایبٹ آباد: (ایک یوتھ گیدرنگ اور روحی کتاب تین اور پانچ کے ریفریشر لئے جائیں گے)

راولپنڈی: (دو نئے جونیئر یوتھ گروپ، ایک نیا اسٹڈی سرکل اور دو نئے اینی میٹر بنائے جائیں گے)

اسلام آباد: (پندرہ نئے دعائیہ جلسات، ایک یوتھ گیدرنگ، دو نئی بچوں کی کلاسیں لی جائیں گی۔ اس کے علاوہ ٹیوٹر اور بچوں کی کلاسوں کے ٹیوٹرز کی کوالٹی کو بہتر بنایا جائے گا)

(☆) **علاقائی بہآئی کونسل پنجاب:** ریجنل بہائی کونسل پنجاب نے تمام علاقائی اداروں اور محافل محلّی کے ساتھ مشاورتی اجلاسوں کے دوران ترقی، نوجوانان کی محافل، بنیادوں فعالیتوں کے معیار اور ایک دوسرے کو تجربات سے آگاہ کرنے کے بارے میں مشورت کی گئی۔ ان اجلاسوں میں نشو ونما پر زور دیا گیا جس سے محافل محلّی کو منصوبہ بندی کرنے میں بڑی مدد ملی۔ ریجنل بہائی کونسل نے کلسٹروں کے نئے مقرر کردہ فیسیلیٹیٹروں کے لئے ایک سیمینار کا انعقاد کیا جس کے دوران اُنہیں اُن کی ذمہ داریوں کے بارے میں مواد مہیا کیا گیا۔ اس کے علاوہ کونسل نے دعا ومناجات کے معیار میں اضافے، گھریلو ملاقاتوں، اور نشو ونما کے اعداد وشمار اکھٹے کرنے اور شماریاتی آفیسر کی مدد کرنے کے سلسلے میں افراد کو رہنمائی فراہم کی۔ ان اجلاسوں

کی مدد سے فیسیلٹیٹرز کو اپنے کلسٹرز میں احباب کی رہنمائی کرنے میں مدد ملی۔مزید برآں کونسل نے اُن احباب کی بھی رہنمائی کی جو کہ نئے کلسٹرز میں خدمات سرانجام دینے کے لئے جا رہے تھے تاکہ اُن کے تجربات سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے اور مزید منصوبہ بندی کی جا سکے۔اس کے علاوہ اُن افراد کی بھی مدد کی گئی جو کہ اپنے علاقے میں روحی کتب شروع کرنا چاہتے تھے۔محافل محلّی کو نوجوانان کی محفل کے انعقاد کے لئے تشویش دلائی گئی جس کے لئے کونسل کے اراکین نے مختلف کلسٹروں کا دورہ کیا اور اُنہیں منصوبہ بندی میں رہنمائی فراہم کی۔اس سے تمام کلسٹروں میں نوجوانان کی محفل کے انعقاد میں اضافہ ہوا۔ ہر دورانیئے کے آغاز پر عضو ہیئت معاون، محفل ملّی کے ارکان اور ریجنل انسٹیٹیوٹ بورڈ کے ارکان کا اجلاس ہوا جس کے دوران گزشتہ دورانیئے کی رپورٹ پیش کی گئی اور آنے والے دورانیئے کی منصوبہ بندی کی گئی۔ علاقے کے تمام احباب تک بیت العدل اعظم کے پیغامات کی بروقت روانگی بذریعہ ای میل یا ڈاک ممکن بنائی گئی اور اس کے مطالعے کا بھی اہتمام کیا جاتا رہا۔

لاہور: اگست 2015ء کو جوانان کا ایک جلسہ ہوا جس میں سولہ افراد شریک ہوئے جن میں سے چار کا تعلق عمومی معاشرے سے تھا۔جلسے کے تینوں دن سکھلائی سے بھرپور تھے اور جوانان نے پروگرام میں شریک ہو کر خوشی محسوس کی۔ان کے مطابق اُنہیں اس سے پہلے اپنے روحانی اور سماجی خدمت کے خیالات کے اظہار کا موقع نہیں ملا۔دوسرے دن بہار شریف اور کانگو کلسٹر کی ویڈیو دکھائی گئی جس پر جوانان نے اپنی زندگی میں توازن پیدا کرنے کے بارے میں مختلف سوالات کیئے۔اُنہوں نے اظہار کیا کہ دکھائی گئی ویڈیو اور مہیا کردہ مواد سے اپنے کلسٹر میں فعالیتیں اور خدمت کے مختلف پروگرام شروع کرنے کے بارے میں معلومات حاصل ہوئیں۔پروگرام کے ایک شریک کنندہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ اس سے پہلے اُنہیں جوانان اور جونیئر یوتھ پروگرام کی اہمیت کا اندازہ نہ تھا۔

ملتان: اگست 2015ء میں ایک یوتھ گیدرنگ کا انعقاد ہوا جس میں پندرہ افراد نے شرکت کی جن میں سے دس کا تعلق عمومی معاشرے سے تھا۔ پروگرام سے پہلے جوانان کو اس کے اغراض ومقاصد سے آگاہی فراہم کی گئی تھی اور اُنہیں تشویق کیا گیا کہ وہ تمام فعالیتوں میں بھرپور حصہ لیں تاکہ وہ سکھلائی کے اس پروگرام سے بھرپور فائدہ اُٹھا سکیں۔جبکہ دوسرے روز جوانان نے اُس علاقے کیلئے ایک پروگرام تیار کیا جہاں وہ مختلف فعالیتیں سرانجام دیں گے۔اس سلسلے میں اُنہوں نے اُن افراد کا نام بھی بتایا جو ان فعالیتوں کی انجام دہی میں اُن کی مدد کریں گے۔پروگرام کے تیسرے روز دعائیہ جلسے کے بعد ہر جوان نے اپنی حکمت عملی پیش کی اور اس کے بارے میں بتایا۔ پروگرام کے اختتام پر جوانان نے وہاں آئے ہوئے دو خانوادوں سے بھی گفتگو کی۔

رحیم یار خان: اگست کے پہلے ہفتے یوتھ گیدرنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں ترپن جوانان نے آنے کیلئے رجسٹریشن کروائی۔بے حد بارش اور سیلاب کی وجہ سے ہم فکرمند تھے کہ شاید کوئی نہیں آئے گا۔لیکن ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ چونتیس جوانان تشریف لائے۔پروگرام کا آغاز دعا ومناجات سے کیا گیا جس کے دوران شدید بارش کی دھن نے بھی مسرور کیا۔دعا کے بعد تعارف کیا گیا۔اس کے بعد جوانوں کو تین گروپوں میں تقسیم کیا گیا۔سب جوانان ایک دوسرے کو نہیں جانتے تھے،جس کی وجہ سے پہلا سیشن تھوڑا آہستہ گذرا اور وہ لوگ جھجک محسوس کر رہے تھے۔لیکن چائے کے وقفے میں جب کچھ تعاون والے کھیل کھیلے گئے تو قدرتی طور پر وہ لوگ ایک دوسرے کے دوست بننے لگے اور جھجک کی بجائے اپنا پن محسوس کرنے لگے۔خوشی اور جذبے کے ساتھ پہلے دن کا اختتام ہوا۔کھانے کے بعد کچھ دوستوں نے خاکے پیش کئے اور گیت گائے۔دوسرے دن سب وقت سے پہلے ہی جمع ہو گئے اور پروگرام کے شروع ہونے کا انتظار کرنے لگے۔دعا کے بعد کچھ جوانان نے پہلے دن کے بارے میں اپنے خیالات پیش کئے۔پھر گروپوں میں تقسیم ہو گئے۔دوپہر کے کھانے سے لے کر شام تک منصوبے بنائے اور اپنے علاقوں کے نقشے بنائے، جہاں وہ خدمت کیلئے کام کریں گے۔اس کے بعد 'Serve to Humanity' نامی فلم دکھائی گئی جس کے بعد چند دوستوں نے فلم کے بارے میں اپنے احساسات اور خیالات بیان کئے وہ محسوس کر رہے تھے کہ وہ ملکوتی تمدن کی تعمیر میں اکیلے نہیں ہیں اور بہت سے جوانان ہیں جو ان جیسا سوچتے ہیں اور نئی دنیا کی تعمیر کی خواہش رکھتے

ہیں۔تیسرے دن دعا و مناجات کے بعد ان سب نے اپنے نقشوں کے ساتھ اپنے بنائے ہوئے منصوبے پیش کئے۔اس کے بعد پھر اپنے گروپوں میں مطالعے کیلئے تشریف لے گئے۔ یہ گیدرنگ دوپہر کے کھانے سے پہلے اختتام پذیر ہوئی۔لیکن کھانے کے بعد جو''سب سے نایاب بات دیکھی گئی وہ یہ تھی کہ مختلف جگہوں سے آئے ہوئے جوانان خود آپس میں جمع ہوئے اور منصوبے بنانے لگے کہ کب اور کہاں اسٹڈی سرکل شروع کریں گے اور کون ان کو ٹیوٹر کرے گا''۔

(☆)**علاقائی بہآئی کونسل سندھ و بلوچستان**: کونسل کو سالِ گزشتہ کے دوران مشاورِ عزیز، محفل روحانی ملّی اور معاونین سے مسلسل رہنمائی ملتی رہی اور کونسل نے اپنی تمام تر فعالیتوں کے بارے میں انہیں آگاہ رکھا۔اسی طرح سال کے دوران کونسل نے اپنے تمام اجلاسوں میں عضو ہیئت معاونت اور ریجنل انسٹیٹیوٹ بورڈ کے ارکان کو مدعو کیا اور اُن کی مشورت سے منصوبہ بندی کی تا کہ شرکاء کی تقبلیوں کو عملی جامہ پہنایا جا سکے۔نئے کلسٹرز میں امری سرگرمیاں شروع کرنے پر بھی مشورت ہوئی۔

کراچی: یوتھ کانفرنس کے حوالے سے اگست 2015ء کو کراچی کے بہآئی ہال میں جوانوں کی ایک گیدرنگ منعقد ہوئی جس میں انسٹھ جوانان شریک ہوئے۔گیدرنگ کا انعقاد محفل روحانی محلّی، ایریا ٹیچنگ کمیٹی اور انسٹیٹیوٹ کو آرڈینیٹرز کے تعاون سے کیا گیا تھا۔ پروگرام میں شریک ہونے والے جوانان کا تعلق کراچی، ٹھٹھہ، بدین، گولارچی اور کوئٹہ سے تھا۔ پہلے دن گیدرنگ کی چیئر پرسن نے تمام جوانوں کو محفل روحانی محلّی کراچی کی جانب سے خوش آمدید کہا اور جوانان کے جذبے کو سراہا۔اس کے بعد بیت العدل اعظم کا پیام پڑھ کر سنایا گیا۔چونکہ یہ پاکستان کی آزادی کا دن تھا اس لئے تمام جوانان نے مل کر قومی ترانہ پڑھا۔اس کے بعد تمام جوانان کو گروپس میں تقسیم کر دیا گیا تا کہ وہ اپنے اپنے گروپس میں دیئے گئے مواد کا مطالعہ کر سکیں۔کھانے کے وقفے کے بعد دوسرا سیشن شام تک جاری رہا جس کے دوران جوانان نے 'ہم سب ایک ہی درخت کے پتے ہیں' پر غور و خوض کیا۔ شام کے بعد سب جوانان کو آدھے گھنٹے کا وقت دیا گیا تا کہ وہ دن بھر کی سکھلائی کو موسیقی، ڈرامہ، گانے کے ذریعے پیش کر سکیں۔دوسرے روز بھی جوانوں کو گروپس میں تقسیم کر دیا گیا۔ پہلے روز کی سکھلائی کی روشنی میں فیسلیٹیٹرز کو دوسرے روز کی کاروائی شروع کرنے میں مدد ملی۔مختلف گروپوں کو آپس میں گفتگو کرنے کا موقع ملا جس کے دوران اُنہوں نے ایک دوسرے کو اپنے اپنے تجربات سے آگاہ کیا۔عمومی معاشرے سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان نے بتایا کہ یوں تو اُس نے کئی یوتھ پروگراموں میں شرکت کی ہے مگر یہ پہلا موقع ہے کہ اُسے اظہارِ خیال کا موقع ملا۔دن کے اختتام پر جوانان نے دن بھر کی سکھلائی پر مشتمل ایک ویڈیو تیار کی۔دو جوانوں نے ایک موسیقی تیار کی جو کہ روح کو گرما دینے والی تھی۔تیسرے دن کا آغاز بھی دعائیہ جلسے سے ہوا۔جس کے بعد جوانان نے قریب کے علاقے میں خدمات سرانجام دینے کے بارے میں مہیا کردہ مواد کا مطالعہ کیا۔ چونکہ جوانان پہلے ہی قریبی علاقوں کی نشاندہی کر چکے تھے لہذا اُنہوں نے بچوں کی کلاسوں، جونیئر یوتھ پروگرام، اسٹڈی سرکلز، اور گھریلو ملاقاتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پروگرام تیار کئے۔کھانے کے وقفے کے بعد سب جوان ہال میں اکھٹے ہوئے تا کہ وہ محفل محلّی اور فیسلیٹیٹرز کا شکریہ ادا کر سکیں۔اس موقع پر جوانان نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ پہلی مرتبہ اس پروگرام کے دوران ملے ہیں لیکن ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے وہ عرصے سے ایک دوسرے کو جانتے ہیں۔

ماتلی: ماتلی میں ایک یوتھ گیدرنگ منعقد ہوئی، جس میں پچیس کے قریب جوانان نے شرکت کی۔ یہ پروگرام کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، آخر میں شرکاء نے اپنے علاقوں میں مختلف سرگرمیاں شروع کرنے کے بارے میں مشورت کی۔

6۔ علاقائی بہآئی بورڈ

پاکستان میں تین علاقائی بہآئی کونسلز کے ساتھ تین ہی انسٹیٹیوٹ بورڈز کام کرتے ہیں۔تفصیل ذیل ہے:

(☆)علاقائی بہآئی بورڈ نارتھ

☆ شمالی علاقوں کے تمام کلسٹرز کا دورہ کیا گیا جس کے دوران احباب کی فعالیتوں ،غوروفکر کے جلسات اورنوجوانوں کی محافل کے بارے میں رہنمائی کی گئی۔

☆ بیت العدل اعظم کے پیاموں کے مطالعے کے لئے راولپنڈی اوراسلام آباد کے کوآرڈینیٹرز کی ہمراہی کی گئی۔

☆ ہردورانیے کے لئے کوآرڈینیٹرز کے ہمراہ استعدادِکار میں اضافے اورمنصوبہ بندی کے سیشنز منعقد کئے گئے۔

☆ شمالی علاقوں کے ٹیوٹرز کے لئے دو اجلاس منعقد کئے گئے۔

☆ ہردورانیے کے دوران ریجنل بورڈ کا مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا۔

(☆)علاقائی بہآئی بورڈ پنجاب

☆ پورے سال کے دوران نئے کلسٹروں میں بڑھوتری کے پروگرام کو رائج کرنے کیلئے انسٹیٹیوٹ بورڈ مختلف اقدامات کرتا رہا۔

☆ جن کلسٹروں میں کوارڈینیٹر موجود ہیں ان کے لئے فکروتدبر کے جلسات منعقد کئے گئے۔

☆ ٹریننگ کیلئے بھی مختلف جلسات کا انعقاد کیا جاتا رہا۔

☆ کلسٹروں میں انسٹیٹیوٹ کو مضبوط کرنے کیلئے ٹیوٹرز کی تعداد اور معیار کو بڑھانے کیلئے کتاب نمبر سات کے ریفریشر رکھے گئے۔

☆ گریڈ ٹو کی ٹریننگ کا انعقاد کیا گیاا۔

☆ کتاب نمبر آٹھ کے کورس کا بھی انعقاد کیا گیا۔

(☆)علاقائی بہآئی بورڈ سندھ و بلوچستان:

☆ سال کے دوران علاقے کے مختلف کلسٹروں بشمول کوئٹہ کلسٹر میں بڑھوتری کے مختلف پروگراموں کو باہم مربوط بنانے کے لئے اقدامات کئے گئے۔ یہ اقدامات کراچی ،حیدرآباد ،کوئٹہ ،میرپورخاص اور ماتلی سے تعلق رکھنے والے کوآرڈینیٹرز اور مشاورِ محترم جناب فوادریحانی کے تعاون اور مشورت سے کئے گئے۔اس مقصد کے لئے تین ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی بھی تشکیل دی گئی۔

☆ علاقائی تربیتی بورڈ نے علاقائی انسٹیٹیوٹ کے ساتھ ایک اجلاس کا اہتمام کیا جس کے دوران اُنہوں انسٹیٹیوٹ کی انفرادی بجٹ کی تیاری میں اُن کی مدد کی۔

☆ ہردورانیے کے دوران ایک اجلاس کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد مختلف منعقدہ پروگراموں کا جائزہ لینا اور اعدادوشمار اکٹھے کرنا تھا۔

☆ سال کے دوران نیوڈے سکول اور حیدرآباد کے لئے کتاب نمبر تین گریڈ دو کی کلاسیں منعقد کی گئیں جبکہ کراچی کے لئے اسٹڈی سرکل کا اہتمام کیا گیا۔

☆ ریجنل انسٹیٹیوٹ بورڈ کی درخواست پر کتاب نمبر تین گریڈ دو کا سندھی زبان میں ترجمہ کیا گیا۔

☆ مزید برآں بورڈ نے کلسٹرز کوآرڈینیٹرز کے ساتھ 15 مارچ 2016ء کو بیت العدل اعظم کے پیام مورخہ 29 دسمبر 2015ء کا مطالعہ کیا۔

☆ انسٹیٹیوٹ بورڈ نے ٹنڈوغلام علی ،گولارچی اور ماتلی کلسٹرز میں منعقدہ نوجوانوں کی محافل میں بھی مدد اور رہنمائی فراہم کی۔

☆ روحی کتب کی بروقت فراہمی کے لئے بورڈ نے کراچی ،حیدرآباد ،ماتلی ،کوئٹہ اور میرپور اپر کو روحی کتب کا ڈپو بنانے کا فیصلہ کیا۔

7۔ محافل روحانی محلّیہ

سارا سال تمام محافل روحانی محلّیہ سے رابطہ رہا اوراُن کی مختلف امور میں رہنمائی بھی کی جاتی رہی۔ بیت العدل اعظم الٰہی سے موصول شدہ پیامات کا اردو ترجمہ اور انیس روزہ نیوز لیٹر ہر ضیافت سے پہلے تمام محافل اوراحباب کو بھیجا جاتا رہا۔

8۔ آفس آف ایکسٹرنل افیئرز

سال کے دوران ایکسٹرنل افیئرز کے آفس نے کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ اور تمام پاکستان کے احباب کے تعاون سے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔ اس سلسلے میں آفس نے حکومت اور سول سوسائٹی، ہم خیال اور میڈیا کے افراد کے ساتھ روابط استوار کرنے، ویب پر اپنی موجودگی کو مستحکم بنانے، مذاکروں اور گفتگو میں احباب کی شرکت کے ذریعے اُن کی استعدادِ کار میں اضافے کے لئے کوششیں جاری رکھیں۔ آفس نے قومی اور صوبائی سطح پر حکومت اور وزراتِ مذہبی امور کی جانب سے منعقد ہونے والے امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے مختلف پروگراموں میں شرکت کے ذریعے پاکستان میں بہائی کمیونٹی کی موجودگی کو مستحکم کرنے کے لئے بھی اقدامات کئے۔ مزید برآں مختلف این جی اوز اور دیگر اداروں کے ساتھ مختلف پروگراموں میں بھی شرکت کو یقینی بنایا گیا تاکہ ان فورمز پر اہل بہاء کی نمائندگی ہو سکے اور احباب کی استعداد میں بھی اضافہ کیا جا سکے۔ سال بھر کے دوران پبلک انفارمیشن ڈیسک کے ذریعے ویب سائیٹ پر موصول ہونے والے سوالات اور پیغامات کا جواب دیا جاتا رہا اور ویب سائیٹ پر دعا و مناجات اور ویڈیوز کا بھی اضافہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ قومی اور چند کلسٹرز کی سطح پر گفتگو اور مکالموں کے ذریعے احباب میں الواح کی روشنی میں غور و فکر پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تاکہ احباب عمومی معاشرے کے ساتھ بامقصد گفتگو کر سکیں۔ چند اہم رپورٹس درج ذیل ہیں:

1۔ لاہور کی ایک سماجی تنظیم "Youth Development Forum" سے تعلق رکھنے والے اسی نوجوانوں کے ایک وفد نے بہآئی سنٹر لاہور کا دورہ کیا۔ استقبال کے بعد اُنہیں ایک پریزنٹیشن دی گئی جو کہ امراللہ اور اہل بہآء کی دنیا بھر میں آج کی خدمات کے بارے میں تھی۔۔

2۔ ریت (REAT) نیٹ ورک نے سرینا ہوٹل اسلام آباد میں ''ہم مختلف ہو سکتے ہیں لیکن ہم برابر ہیں'' کے عنوان کے تحت ایک مذاکرہ کیا جس میں بہآئی کمیونٹی کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ اس موقع مختلف اقلیتی نمائندوں اور سفارتکاروں سے ملاقات ہوئی اور انہوں نے رضوان کی مبارک باد پیش کی۔

3۔ کرسچن اسٹڈی سینٹر راولپنڈی کی دعوت پر امن اور مختلف گروپس کے موضوع پر ہونے والے ایک مشاورتی اجلاس میں دو احباب نے شرکت کی۔ اس موقع پر فلاح و بہبود کے مختلف کاموں پر بات چیت ہوئی۔

4۔ مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کی وزارت کی جانب سے عیدِ رضوان کے موقع پر پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس اسلام آباد میں ایک رنگا رنگ پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ پروگرام میں مذہبی امور کے وزیرِ مملکت پیر محمد حسنات شاہ کے علاوہ پارلیمنٹیریز، سفارتکاروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں، حکومتی اور غیر حکومتی اداروں کے نمائندے، وزراتِ مذہبی امور کے افراد، بہآئی کمیونٹی کے ممبران اور دیگر دوستوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف پروگرام پیش کئے گئے اور رضوان کے حوالے سے دعا و مناجات بھی پروگرام کا حصہ تھی۔ پروگرام میں وزیرِ مملکت کی تقریر کو بہت پسند کیا گیا جس میں اُنہوں نے اہل بہآء کے لئے اپنی محبت کا اظہار کیا۔

5۔ پتن (Pattan) آرگنائزیشن کی دعوت پر اقلیتوں کے ذاتی قوانین اور ملکی نصاب کو بہتر بنانے کے لئے ایک اجلاس میں ایک بہآئی دوست نے شرکت کی۔ بہآئی نمائندے نے اس موقع پر تجویز پیش کی کہ نصاب میں تمام مذاہب اور انسانوں کی یکتائی پر زور دیا جائے تاکہ تمام مذاہب اسے آسانی سے قبول کر سکیں۔

6۔ نیدرلینڈ کے سفارت خانے کی دعوت پراُن کے پروگرام میں شرکت کی گئی۔اس موقع پرمختلف سفارت کاروں سے ملاقات کی گئی۔جرمنی کے سفارت کاراوراُن کی اہلیہ سے خصوصی ملاقات ہوئی جوکہ ورلڈسنٹر میں باغِ رضوان کا دورہ کر چکے ہیں اور وہاں کے پُرامن ماحول اور پُرجوش استقبال سے بہت متاثر ہیں۔اُنہیں بہآئی سنٹر اسلام آباد آنے کی دعوت دی گئی جواُنہوں نے قبول کرلی۔

7۔ انسان فاؤنڈیشن کے زیراہتمام انسانیت سے دوستی (Philanthrophy) کے موضوع پرایک مذاکرے میں شرکت کی گئی۔اس موقع پر بہآئی نمائندے نے انسانوں کو بااختیار بنانے اوراُن کی بےغرض خدمت پرزور دیا۔

8۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے ایک محقق کو بہآئی سنٹر اسلام آباد مدعو کیا گیا۔دو بہآئی احباب نے اُن کی تحقیق کے حوالے سے مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔بعدازاں اُنہوں نے سنٹر میں ہونے والے ایک مکالمے میں بھی شرکت کی۔

9۔ کینیڈین ہائی کمشنر کی دعوت پر کینیڈا کے سفارت خانے میں ایک تقریب میں شرکت کی گئی۔

10۔ بارہ افراد جن میں سے اکثریت نئے روابط کی تھی نے ایک مکالمے میں شرکت کہ جوکہ امن کے لئے انسانیت کا ایک ہونے کے بارے میں تھا۔یہ ایک بہت صحت منداور بھرپور فعالیت تھی جس میں بہآئی اور غیر بہآئی دونوں نے شرکت کی۔

11۔ امریکہ کے سفارت خانے کی پولیٹیکل آفیسر نے بہآئی سنٹر اسلام آباد کا دورہ کیا۔تین بہآئی احباب نے اُنہیں سینٹر کے مختلف حصے دکھائے اور مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔اُنہوں نے توہین مذہب کے قانون کے بارے میں بہآئی نقطۂ نظر جاننے کی کوشش کی۔موضوع پر اُنہیں کچھ دستاویزات بھی پیش کی گئیں۔اس موقع پر اُنہیں بہآئی کتابوں کا ایک سیٹ بھی تحفتاً پیش کیا گیا۔

12۔ آکسفورڈ اور کیمبرج سوسائٹی کے زیراہتمام گلگت فضائی حادثے کے دوران پاک آرمی کے شہید ہونے والے افسروں اور جوانوں اور جاں بحق ہونے والے سفراء کے ساتھ اظہار ہمدردی کے لئے ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا جس میں بہآئی نمائندے نے بھی شرکت کی۔

13۔ NCJP کی پروگرام کوآرڈینیٹر محترمہ عارفہ شکیل نے بہآئی سنٹر اسلام آباد کا دورہ کیا۔

14۔ قومی کمیشن برائے اقلیتی مذاہب نے لاہور کے ایک ہوٹل میں دہشت گردی کے خلاف برداشت اور امن کے موضوع پر ایک کانفرنس منعقد کی جس میں لاہور کے دو احباب نے شرکت کی۔اس موقع پر بہآئی نمائندے نے امن اور برداشت کے بارے میں بہآئی نقطۂ نظر کی وضاحت کی۔

15۔ ایک غیر حکومتی ادارے (PIPS) نے ''پاکستان میں سماجی مذہبی ہم آہنگی'' کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کیا جس میں شمالی علاقہ جات کے علاوہ فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے جوانان کو مدعو کیا گیا تھا۔اس موقع بہآئی نمائندے نے امن اور اتحاد کے بارے میں بہآئی تعلیمات شرکاء کے سامنے بیان کیں۔

16۔ سلوک این جی او کے زیراہتمام ایک بین المذاہب دعائیہ جلسہ منعقد ہوا جس میں بہآئی اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

17۔ اسلام آباد میں Global Peace Pioneers نامی ایک غیر حکومتی ادارے کے زیراہتمام بین الاقوامی بین المذاہب دن کے حوالے سے ''ہم پل ہیں'' کے عنوان سے ایک آرٹ کا مقابلہ ہوا جس میں دس بہآئی بچوں نے وحدت ادیان اور بین المذاہب امن اور ہم آہنگی کے حوالے سے اپنے فن پارے پیش کئے جنہیں سرسید میموریل ہال میں رکھا گیا تھا اور حاضرین نے انہیں بہت سراہا۔اس موقع پر بہآئی نوجوانوں اور بچوں نے متنوع ثقافتوں کے باوجود انسانیت کے ایک ہونے کے حوالے سے ایک ٹیبلو بھی پیش کیا۔اس کے بعد بہآئی کمیونٹی کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوئے ایک بہآئی دوست نے موضوع پر بہائی نقطۂ نظر پیش کیا، جسے حاضرین نے بہت پسند کیا۔گلوبل پیس پائینیرز نے چکوال میں ایک ہزار

بچوں کے لئے امن کے موضوع پر ایک نصاب تیار کرنے کے بارے میں حاضرین کو دعوت دی جس پر بہآئی کمیونٹی نے اس سلسلے میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور اس مقصد کے لئے کمیونٹی کی طرف سے چکوال میں ایک بہآئی دوست کو نامزد کیا۔

18۔ بہائی کمیونٹی کی دعوت پر ایک غیر ملکی سفارت خانے کے فرسٹ سیکرٹیری اور اُن کے معاون نے بہائی سینٹر کا دورہ کیا۔اس دورے کے دوران ملاقات ایک گھنٹے سے زیادہ دیر تک جاری رہی جس کے دوران امراللہ پر گفتگو ہوئی۔اُنہیں پاکستان میں جاری مختلف بہآئی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی۔

19۔ ایک اور سفارت خانے کے پولیٹکل آفیسر سے اُن کے گھر پر ملاقات کی گئی جس کے دوران پاکستان میں اقلیتوں اور اُن کی مذہبی آزادی کے بارے میں گفتگو ہوئی۔

20۔ نیپال کے سفیر سے ملاقات کی گئی۔اُنہوں نے امراللہ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا کیونکہ وہ نیپال کی بہائی کمیونٹی سے واقف ہیں اور فرینکفرٹ کے مشرق الاذکار کا بھی دورہ کر چکے ہیں۔اُنہوں نے بہائی سنٹر کے دورے کی دعوت بھی قبول کر لی۔

21۔ وزیرِ مملکت برائے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کی دعوت پر بہائی نمائندے نے اُن سے ملاقات کی۔

22۔ کرسچن اسٹڈی سینٹر راولپنڈی کی طرف سے دی جانے والی عیدملن پارٹی میں بہآئی نمائندے نے شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

23۔ منہاج القرآن کی جانب سے ایک کتاب کی تقریبِ رونمائی میں شرکت کی گئی۔

24۔ 'سلوک' غیر سرکاری تنظیم کی طرف سے بوسنیا میں قتلِ عام پر اسلام آباد کلب میں ایک مذاکرہ ہوا جس میں اسلام آباد کے سفارتی حلقوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔بہائی نمائندہ نے بھی پروگرام میں شرکت کی اور امراللہ سے شرکاء کو متعارف کروایا۔

25۔ کرسچن اسٹڈی سنٹر کے زیرِ اہتمام 'پاکستان میں مذہبی اور کمیونٹی کے نمائندوں کے مابین امن کا فروغ' کے موضوع پر ایک تین روزہ تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا جس میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے پچیس نمائندوں نے شرکت کی۔پانچ رکنی بہائی وفد نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔ہر دن کا آغاز بہائی دعا و مناجات سے ہوا اور امن کے بارے میں بہآئی نقطہ نظر تفصیلاً بیان کیا گیا اور دوسرے مذاہب کی امن کی تعلیمات سے بھی شرکاء کو آگاہ کیا گیا۔پروگرام کے دوران جونیئر یوتھ پروگرام، بچوں کی کلاسیں، دعائیہ جلسات متعارف کرائے گئے اور شرکاء کو مختلف پروگراموں میں شرکت کی دعوت دی گئی۔پروگرام کے آخری دن شرکاء نے بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کے قیام کے سلسلے میں اپنی جدوجہد سے حاضرین کو آگاہ کیا۔

26۔ دو احباب نے اسلام آباد میں واقع ایک چرچ میں جونیئر یوتھ پروگرام اور بچوں کی کلاسوں کو متعارف کرایا۔

27۔ ۲۱ستمبر کو امن کے حوالے سے بہآئی سینٹر راولپنڈی میں ہونی والی تقریب میں مختلف مذاہب کے نمائندوں اور ممبران کو بھی مدعو کیا گیا۔

28۔ کرسچن اسٹڈی سنٹر، راولپنڈی کے زیرِ اہتمام انسٹیٹیوٹ آف تھیالوجی اینڈ کرسچن اسٹڈیز کے طلبہ کے لئے جنوبی ایشیا کے مذاہب کے مطالعے کے سلسلے میں امرِ بہائی کے تعارف پر مشتمل ایک گھنٹے کا لیکچر ہوا جس میں بیس طلبہ اور آٹھ احباب نے شرکت کی۔طلبہ میں نوجوان اور ادھیڑ عمر کے افراد شامل تھے۔ایک احباب نے اس موقع پر امراللہ کے بنیادی عقائد کے بارے میں بتایا۔لیکچر کے اختتام پر امراللہ کے عقائد اور قوانین کے بارے میں حاضرین کے پوچھے گئے مختلف سوالات کے جواب دیئے۔۔

29۔ سویڈن کے سفارت خانے میں تعینات فرسٹ سیکرٹری نے اسلام آباد کے بہآئی سنٹر کا دورہ کیا جس کے دوران اُنہیں امراللہ کے بارے میں تعارفی مواد اور دعا و مناجات کی کتب پیش کی گئیں۔

30۔ الہیات کے حوالے سے کرسچن اسٹڈی سنٹر راولپنڈی میں ہونے والے کورس کے شرکاء نے بہآئی سنٹر اسلام آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اُنہیں امراللہ میں مشرق الاذکار اور بہائی عبادات کے تصور کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی۔

31۔ ایک غیر حکومتی ادارے SAPP نے ریت فاؤنڈیشن (REAT) کے ساتھ مل کر ایک پروگرام منعقد کیا جس کا مقصد اقلیتوں کے خلاف ہونے والی تقاریر اور نفرت انگیز مواد کی اشاعت وترویج کی روک تھام کرنا تھا۔ بہائی نمائندے نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

32۔ انسانی حقوق کے لئے کام کرنے والی دو معروف شخصیات نے حضرت باب اور حضرت بہاءاللہ کے یومِ پیدائش کے سلسلے میں ہونے والی تقاریب میں شرکت کی۔ اُنہوں نے پروگراموں کی تعریف کی اور اہل بہاء کے ساتھ پاکستان میں بہآئیوں کی فعالیتوں کے بارے میں گفتگو کی۔

33۔ دو احباب نے کراچی میں امریکی قونصلیٹ کے پولیٹیکل آفیسر سے ملاقات کی۔ قونصلیٹ کراچی اور سندھ میں اقلیتوں کی مشکلات کے حوالے سے ایک رپورٹ تیار کر رہے ہیں۔ لہذا وہ بہآئیوں کی مشکلات کے بارے میں جاننا چاہتے تھے۔ بہآئی نمائندوں نے اس حوالے سے اُنہیں امراللہ کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا اور انتظامی امور سے روشناس کرایا۔ اُنہیں بتایا گیا کہ اہل بہآء انسٹیٹیوٹ پراسیس کے کے ذریعے دنیا میں تبدیلی لانے کے خواہش مند ہیں۔ انہوں نے امراللہ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور مقامی محفلِ محلّی سے ملنے کی خواہش ظاہر کی۔ اُنہوں نے بتایا کہ ہائی کمیشن اگلے سال کے شروع میں ایک عشائیے کا اہتمام کر رہا ہے جس میں اہلِ بہآء کو بھی مدعو کیا جائے گا۔

34۔ پاکستان میں تعینات جرمنی کے سفیر نے بہآئی سینٹر اسلام آباد کا دورہ کیا جس کے دوران اُنہیں امراللہ کے بارے میں تعارفی مواد اور دعاو مناجات کی کتب پیش کی گئیں۔

35۔ خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے ایک غیر حکومتی ادارے نے لاہور میں ایک تقریب کا اہتمام کیا جس میں نوجوان بہائی ڈاکٹر نے مقرر کے طور پر شرکت کی۔

36۔ ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز ایمبسڈر مسعود خان نے سید شرف الدین کی کتاب 'ٹریول گائیڈ ٹو اسلام آباد' کی تقریبِ رونمائی میں دو بہائی نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی اطلاعات کے وفاقی وزیر سینیٹر پرویز رشید تھے۔

9۔ قومی اقلیتی کمیشن پاکستان

وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان نے اقلیتوں کے لئے نیشنل کمیشن کی تشکیل کی منظوری دی ہے جس میں حکومتی نمائندوں کے علاوہ اقلیتی نمائندے بھی شامل ہیں۔ کمیشن کے اغراض ومقاصد میں بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے قومی پالیسی تشکیل دینا، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کرنا، حکومت کے لئے ایسے اقدامات کی نشاندہی کرنا جن کے ذریعے اقلیتوں کو قومی دھارے میں لایا جا سکے، اقلیتوں کے مذہبی تہواروں کے ذریعے اُن کی مؤثر شرکت، کمیشن کے ممبران کی طرف سے کی گئی کسی بھی شکایت کی جانچ پڑتال کر کے سفارشات مرتب کرنا اور مختلف اقلیتوں کے عبادت خانوں کی حفاظت اور اُنہیں قابل استعمال رکھنے کے لئے اقدامات کرنا وغیرہ شامل ہے۔ اس قومی کمیشن کی طرف سے محفل ملّی کی درخواست پر پہلا NOC بھی جاری کیا گیا جو کہ کسی بھی مذہبی املاک کو بیچنے یا خریدنے کیلئے ضروری ہوتا ہے۔

10۔ مشرق الاذکار اسلام آباد

بیت العدل اعظم الٰہی کی خواہش کے مطابق اسلام آباد میں مشرق الاذکار کیلئے 53 کنال اراضی خرید لی گئی ہے۔ اس سلسلے میں بیت

العدل اعظم الٰہی کے نمائندے جناب شادمان جواد رشیدی نے پاکستان کے مسلسل دورے کیے اور زمین خریدنے میں محفل ملّی پاکستان کی بھرپور رہنمائی کی۔ زمین کی خریداری میں احباب نے بڑھ چڑھ کر فنڈز دیئے اور مسلسل دے رہے ہیں۔ اب یہ زمین محفل ملّی کے نام منتقل ہو چکی ہے۔

11۔ بہآئی پبلشنگ ٹرسٹ

☆ گزشتہ سال کے دوران ایک پاکٹ کیلنڈر شائع کر کے احباب میں تقسیم کیا گیا جس میں 19 روزہ ضیافت اور بہآئی تعطیلات کی تفصیل ہے تا کہ احباب 19 روزہ ضیافت کی تاریخوں اور بہآئی تعطیلات کے بارے میں یادداشت اپنے پاس رکھ سکیں۔ اس کے علاوہ وال کیلنڈر بھی شائع کیا گیا ہے۔

☆ روحی انسٹیٹیوٹ کی کتابوں کے مسودے کی جانچ پڑتال کا کام مکمل ہو گیا ہے اور اب یہ چھپائی کے لئے تیار ہیں۔ روحی کتاب نمبر ایک چھپ کر انسٹیٹیوٹ بورڈز کو بھیج دی گئی ہے۔

☆ کتاب اقدس، کلمات حضرت بہآءاللہ، خیمۂ وحدت، ملکوتی منصوبہ کی الواح، جواہرالاسرار کے تراجم کی نظر ثانی شدہ مسودوں کی چھپائی کا کام آخری مراحل میں ہے۔

☆ اس کے علاوہ کتاب البیان اور کچھ سوال و جواب کے تراجم کیے گئے۔

☆ سٹاک میں موجود کتابوں کو احباب میں تقسیم کرنے کا اہتمام کیا گیا۔

12۔ بہآئی ویب سائٹ

محفل ملّی کی ویب سائٹ میں اس سال لوگوں کی سہولت کیلئے اس میں ایک فارم کا اضافہ کیا گیا جو کہ اردو اور انگلش دونوں زبانوں میں ہے۔ اس فارم کے ذریعے لوگوں کو محفل ملّی سے رابطے میں آسانی ہو گی۔ اس کے علاوہ ایک کالم میڈیا کا بھی اضافہ کیا گیا ہے جو آڈیو (جس میں بہآئی الواح کو ترنم کے ساتھ پڑھا گیا ہے) اور ویڈیو (جس میں مقدس ایام کے بارے میں تفصیلات ہیں) پر مشتمل ہے۔

محفل روحانی ملّی پاکستان، محترم مشاور اور معاونین عزیز کی ہمکاری کی بہت شکر گذار ہے اور ساتھ ہی تمام بہائی اداروں، گروپس اور افراد کی ممنون ہے کہ جنہوں نے قدم قدم پر ان کے ساتھ تعاون کیا، اس کے پروگراموں کو کامیاب بنانے میں ہر ممکن کوشش کی، جس سے اُنہیں ابلاغ کلمۃ اللہ میں نئی رفعتیں حاصل ہوئیں بلکہ مختلف فنڈز میں دل کھول کر اعانہ جات بھی پیش کئے۔ جمال مبارک کی بے پایاں تائیدات آپ پر ہمیشہ جاری و ساری رہیں۔ (شکریہ)

محفل روحانی ملّی بہآئیان پاکستان

PAKISTAN SUMMARY OF VITAL STATISTICS
Per Region
As of April 2016

	Institute Courses								
	Book 1	Book2	Book 3 G1	Book3 G2	Book 4	Book 5	Book 6	Book 7	Book 8 Unit1
1. North	562	309	251	15	210	72	174	151	61
2. Punjab	516	197	220	4	133	68	101	92	32
3. Sindh and Balochistan	1564	736	601	22	407	161	326	284	45
	2642	**1242**	**1072**	**41**	**750**	**301**	**601**	**527**	**138**

	Spiritual Education and Training						Devotional Gatherings	
	Children's Classes		Jr. Youth Groups		Study Circles			
	# BCC	Total Participants	# JYG	Total Participants	# SC	Total Participants	# DG	Att.
1. North	18	143	14	67	19	45	43	118
2. Punjab	30	262	14	62	62	128	56	230
3. Sindh and Balochistan	66	821	29	359	20	96	79	788
	114	**1226**	**57**	**488**	**101**	**269**	**178**	**1136**

Clusters

Total No. of Clusters		No. of Clusters with a Programme of Growth		Intensive Programme of Growth launched during 2006-2011		No. of Clusters where the Pattern of Activity Embraces Large Numbers
128	of these →	38	of these →	18	of these →	0